Class XII

تحریری پرچہ نمبر 80 نمونے کا پرچہ سوالات وقت ۳ گھنٹے
داخلی تعین نمبر 20 ( بارہویں جماعت کے لیے )
کل نمبر 100

۱. سوالات کے سامنے دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے ۔ 10

۱ غالب نے پہلا خط کسے لکھا ؟
منشی ہرگوپال تفتہ کے نام ۔ اپنے انگریز دوست کے نام ۔ اپنے والد کے نام

۲ بلونت سنگھ کے افسانے کا کیا نام ہے ؟
پیاس ۔ لمحے ۔ سوداگر

۳ افسانہ 'بھوکا' کے مصنف کون ہیں ؟
راجندر ناتھ ۔ کمل ناتھ ۔ سریندر پرکاش

۴ کرشن چندر کا طویل رپورتاژ کون سا ہے ؟
ادبی دنیا ۔ پودے ۔ پیرقان

۵ رپورتاژ کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں ؟
Essay - Reportage - Application

۶ بھوکا کا مرکزی کردار کون ہے ؟
ہوری ۔ بڑھیا ۔ کلّو

۷ اردو میں انشائیہ کی ابتدا کس رسالے سے ہوئی ؟
تہذیب الاخلاق ۔ شاعر ۔ حجاب

۸ "زرد پتّوں کی بہار" سفر نامہ کس کا لکھا ہوا ہے ؟
کرشن چندر ۔ غالب ۔ رام لعل

۹ 'زرد پتّوں کی بہار' سفر نامہ کے مصنف نے کہاں کا سفر کیا ؟
انگلستان کا ۔ پاکستان کا ۔ ہندوستان کا

۱۰ ان میں خواجہ حسن نظامی کا انشائیہ کون سا ہے ؟
مکھّی ۔ مچھّر ۔ مکڑی

2 ۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں ۔ 10

۱ غالب نے گرمی کا ذکر کون سے خط میں کیا ہے ؟ نام لکھو ۔

۲ 'دوسرا جنم ہم کو ملا' یہ بات غالب نے کون سے خط میں کہی ہے ؟

۳ افسانہ 'لمحے' کے ہیرو کا نام بتاؤ ؟

۴ افسانہ 'بھوکا' میں ہوری کے کتنے بیٹے تھے ؟

۵ 'تہذیب الاخلاق' رسالہ کس نے لکھا ؟

۶ مضمون نگار نے مچھر کا حلیہ کن الفاظ میں بیان کیا ہے ؟

۷ یہ شعر کون سے شاعر کا ہے ؟ اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم ۔

Scanned by CamScanner

۸ 'خود کلامی' کا کیا مطلب ہے ؟
۹ 'داستاں گو' کا معنی لکھو ؟
۱۰ 'زندگی سے ڈرتے ہو؟' نظم کس نے لکھی ہے ؟

3 ۔ ذیل کی عبارت غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے :۔ 8

ان کا کھیت لہلہا اٹھا تھا۔ فصل پک گئی تھی، اور آج کٹائی کا دن تھا۔ البیلا اگل دیا تھا جیسے کوئی تہوار ہو۔ سب بڑے چاؤ سے جلد از جلد کھیت پر پہنچنے کی کوشش میں تھے کہ انھوں نے دیکھا سورج کی سنہری کرنوں نے سارے گھر کو اپنے جادو میں جکڑ لیا ہے۔ ہوری نے انگوچھا کندھے پر رکھتے ہوئے سوچا، کتنا اچھا سمے آ پہنچا ہے۔ نہ اہلمند کی دھونس۔ نہ بنیئے کا کھٹکا، نہ انگریز کی زور زبردستی اور نہ زمیندار کا حصّہ — اس کی نظروں کے سامنے ہرے ہرے خوشے جھوم اٹھے۔

گاؤں کی گلیوں، گلیاروں میں چہل پہل شروع ہو چکی تھی۔ لوگ کھیتوں کو آ جا رہے تھے۔ سب کے دلوں میں مسرت کے آثار پھوٹتے نظر آ رہے تھے، سب کی آنکھیں پکی فصلیں دیکھ کر چمک رہی تھیں۔

سوال ۱ ۔ اس عبارت کے سبق اور مصنف کا نام بتاؤ ؟
۲ فصل کٹنے پر ہوری کے کھیت کی کیا حالت تھی ؟
۳ فصل کو دیکھ کر ہوری کے ذہن میں کیا خیال آیا ؟
۴ گاؤں کی گلیاروں کا کیا حال ہو رہا تھا ؟

4 ۔ مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھو ۔ 8

لمحے ۔ بجوکا ۔ سکون کی نیند

5 ۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھو ۔ 7

رپورتاژ انشائیہ سفرنامہ

6 ۔ دیئے گئے اشعار میں کسی دو کی تشریح کرو ۔ 10

۱ اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کہا کرو کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرز بیاں سے ہم ۔
۲ زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی ۔
3 منزل عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گرد سفر بھی ہوگی ۔
4 ہر شب، یہ خیال یہ خواب تیرے کیا پھول کھلے ہیں، منہ اندھیرے ۔
5 آنکھوں میں چھپائے پھر رہا ہوں یادوں کے بجھے ہوئے سویرے ۔

7 ۔ مندرجہ ذیل کسی ایک نظم کا مرکزی خیال بیان کرو :۔ 7

گور غریباں ۔ روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے ۔ زندگی سے ڈرتے ہو ؟

8 ۔ دیئے گئے الفاظ کے معنی لکھو ۔ 10

شوم کا دن ۔ تائید ۔ مہمل ۔ درخشاں ۔ سکوت ۔ قول ۔ اقبال کرنا ۔ گور
انشائیہ ۔ حجاب ۔ ذہین ۔ تحریر ۔

Scanned by CamScanner

9 - دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل
مضمون تحریر کریں۔

تعلیم نسواں۔ ڈاکٹر اقبال۔ بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ۔ ماحول کی آلودگی
پانی بچاؤ۔ بیروزگاری کا مسئلہ۔ الیکشن کے فائدے اور نقصانات۔

Scanned by CamScanner

Page 6

اردو اختیاری   جماعت بارھویں   (2020-21)

Class XII Urdu Elective.

داخلی تعین نمبر 20
(CCE)

1۔ پروجیکٹ ورک۔
(i) عنوان (Topic) نمبر 4
(ii) دو چارٹ بنانا نمبر 1+1 = 2
(iii) اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مجموعہ (Scrap Book) نمبر 4
2۔ بک بنک (Book Bank) نمبر 2
3۔ سماعت کی صلاحیت (Listening) نمبر 2
4۔ اردو بولنے کی صلاحیت (Speaking) نمبر 3
5۔ تحریری صلاحیت (Writing) نمبر 3

1۔ پروجیکٹ ورک۔
(i) اس میں ایک عنوان (Topic) دیا جائے گا اس عنوان پر ایک ہزار الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کرنا ہوگا جس میں آغاز، نفسِ مضمون اور اختتام کا خاص خیال رکھا جائے گا اس کیلئے 4 نمبر ہوں گے۔ عنوان درج ذیل ہو سکتے ہیں۔

4

1۔ ماحولیات
2۔ بھارت کے دریا، یا پہاڑ
3۔ اردو کے ادیب و شعراء
4۔ ہماری زندگی پر موسموں کا اثر
5۔ ہندوستان کے گاؤں
6۔ بھارت کے کسان
7۔ نشر و اشاعت کے فائدے اور نقصانات
8۔ ہندوستان کی جنگِ آزادی
9۔ اردو ادب کی تاریخ
10۔ زندگی میں کھیلوں کی اہمیت
11۔ آبادی کا مسئلہ بھارت میں
12۔ ہماری اردو کی کتاب
13۔ ہماری سرحدوں کے رکھوالے۔
14۔ گلوبل وارمنگ۔
15۔ تعلیم میں ملٹی میڈیا کا رول۔

Scanned by CamScanner

Page 7

(ii) دو چارٹ بنائے جائیں جوکہ اردو زبان کے تعلق سے ہوں ہر ایک چارٹ کیلئے ایک ایک نمبر ہوگا۔ دونوں چارٹ کیلئے دو نمبر ہوں گے۔ 2

(iii) اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مجموعہ (Scrap Book) 4

اس میں اردو زبان کے متعلق مختلف تصاویر یا اخبار کے تراشے یا کتاب کے تراشے جمع کئے جائیں گے اس کیلئے چار نمبر ہوں گے۔ ادباء و شعراء کی تصاویر بھی لگائی جاسکتی ہیں۔

2۔ بک بنک (Book Bank) 2

کورس مکمل ہونے پر طلباء اپنی کتابیں بک بنک میں جمع کرائیں گے اس سے طلباء کے اندر اپنی کتابوں کو سنبھال کر رکھنے کی عادت پڑے گی اس کے ساتھ ہی بک بنک میں کتابوں کا اچھا خاصا ذخیرہ ہوجائے گا جو دوسرے طلباء کے کام آئے گا اور وہ ان سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ اس کیلئے 2 نمبر ہوں گے۔

3۔ اردو سماعت کی صلاحیت: 2

طلباء کو آواز (Audio) سنائی جائے گی اس کے بعد طلباء سے اس آواز کے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے اور طلباء کے اندر سماعت کی صلاحیت پیدا کی جائے گی تاکہ طلباء آواز سماعت کرکے اپنی رائے قائم کرسکیں اس کیلئے 2 نمبر ہوں گے۔

4۔ اردو بولنے کی صلاحیت: 3

کلاس میں طلباء اردو بولیں۔ طلباء کو باری باری کسی عنوان پر اردو میں گفتگو کرنے کیلئے کہا جائے تاکہ اردو میں بات چیت کی صلاحیت پیدا ہو۔ اس کیلئے 3 نمبر ہیں۔

5۔ تحریری صلاحیت: 3

طلباء کو مشکل الفاظ کی املا (Dictation) لکھوائی جائے تاکہ ان کی معلومات میں اضافہ کے ساتھ ساتھ لغت کا شوق بھی پیدا ہو اور انھیں اردو لکھنے میں مہارت ہوجائے اس میں الفاظ کی بناوٹ اور خوش خطی کا بھی دھیان رکھا جائے اس سے الفاظ کا کافی ذخیرہ طلباء کے پاس جمع ہوجائے گا اس کیلئے 3 نمبر ہیں۔

---

ضروری نوٹ :۔ اس کی پیش کش اور تیاری کیلئے زیادہ سے زیادہ کمپیوٹر کے استعمال پر زور دیا جائے۔

Scanned by CamScanner